السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

ایک شخص اکیلا نماز پڑھ رہا ہے توکیا اس کے ساتھ شامل ہوکر نماز پڑھنا جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ہاں یہ جائز ہے کہ کیونکہ حضرت اب عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ثابت ہے کہ :

انہ لما رای رجلا دخل المسجد بعد انتہاء الصلاۃ قال الا رجل یتصدق علی ہذا فیصلی معہ (اخرجہ احمد فی المسند بلفظ آخر ۳/۴۵)

میں نے اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں ایک رات گزاری اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کوجب نماز کےلئے کھڑے ہوئے تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بایئں جانب آکر کھڑا ہوگیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے میرے کان کی لوسے پکڑااور اپنی جانب کھڑا کرلیا۔ ''

اصول یہ ہے کہ اس طرح کے مسائل میں نفل وفرض میں کوئی فرق نہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص353

محدث فتویٰ